# Uber کی غلط درجہ بندی کے حامل
# کلاس ایکشن کی سندِ تسلیم کا اعلامیہ

اگر آپ نے 1 جنوری، 2012 کے بعد سے کبھی بھی مسافروں کی نقل و حمل اور/یا ڈیلیوری سروسز کی فراہمی کے لیے Uber ایپ استعمال کی ہے، تو آپ کے قانونی حقوق متاثر ہوسکتے ہیں۔ آپ کو یہ اعلامیہ دھیان سے پڑھ لینا چاہیے۔

یہ اعلامیہ آن لائن www.uberlawsuit.ca پر درج ذیل زبانوں میں دستیاب ہے: عربی، مینڈیرین، ہندی، کینٹونیز، پنجابی، ٹیگالوگ، اردو، کوریائی، تامل اور ہسپانوی۔

---

**1. کلاس ایکشن کی سندِ تسلیم**

12 اگست 2021 کو Heller بمقابلہ Uber ٹیکنالوجیز انکارپوریٹڈ، عدالتی فائل نمبر CV-17-567946-00CP نامی ایک ایکشن کو اونٹاریو کی عدالتِ عالیہ (''عدالت'') کے حکمنامے کے تحت کلاس کارروائی کی حیثیت سے سندِ تسلیم عطا کی گئی تھی۔ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ معاملات جنہیں تسلیم کیا گیا ہے (اور جو www.uberlawsuit.ca میں بیان کیے گئے ہیں)، اُن کا ٹرائل عدالت کے آئندہ حکمنامے کے تحت کلاس کے ممبرز (ذیل میں بیان کیے گئے ہیں) کی طرف سے، عمومی معاملات کا ٹرائل (Common Issues Trial) نامی واحد عدالتی کارروائی میں ہوگا۔ حکمنامے کے تحت ڈیوڈ ہیلر اور فیلیشیا گارشیا کو کلاس کے نمائندہ مدعیان کی حیثیت سے مقرر کیا گیا ہے۔

**2. یہ کلاس ایکشن کس بارے میں ہے**

نمائندہ مدعی ڈیوڈ ہیلر نے ڈیلیوری سروسز کی فراہمی کے لیے Uber ایپ کا استعمال کیا تھا، جبکہ نمائندہ مدعیہ فیلیشیا گارشیا Uber ایپ کا استعمال مسافروں کی نقل و حمل اور ڈیلیوری سروسز کی فراہمی کے لیے کرتی ہیں۔

مدعا علیہان Uber ٹیکنالوجیز انکارپوریٹڈ، Uber کینیڈا انکارپوریٹڈ، Uber B.V.، ریزیئر آپریشنز B.V.، اور Uber پورٹیئر B.V. (مجموعی طور پر "Uber" کے نام سے معروف) ہیں۔ Uber ایک ٹیکنالوجی کمپنی ہے جو، دیگر امور کے علاوہ، کمپیوٹر سافٹ ویئر ایپلی کیشنز (المعروف ''Uber ایپس'') کی تخلیق اور لائسنسنگ کرتی ہے۔ Uber اُن ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد کے ساتھ سروسز معاہدے کرتی ہے جو پورے اونٹاریو میں فریقینِ ثالث کو نقل و حمل اور ڈیلیوری کی سروسز فراہم کرنے کے لیے Uber ایپس استعمال کرتے ہیں۔

مسٹر ہیلر اور مس گارشیا، خود اپنی اور ذیل میں بیان کردہ کلاس کے افراد کی طرف سے، اس موقف کی بنیاد پر Uber سے ہرجانوں کی وصولی کا دعویٰ کر رہے ہیں کہ اس کی جانب سے اونٹاریو کے ایمپلائمنٹ اسٹینڈرڈز ایکٹ اور کنٹریکٹ کی خلاف ورزی کی گئی ہے۔ مسٹر ہیلر اور مس گارشیا کا بنیادی دعویٰ یہ ہے کہ Uber نے آزاد کنٹریکٹرز کی حیثیت سے Uber ایپس کے ذریعے نقل و حمل اور ڈیلیوری سروسز فراہم کرنے والے ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد کی غلط درجہ بندی کرتے ہوئے خود پر واجب الادا رقوم سے انہیں غیر قانونی طور پر محروم کیا ہے جن کا وہ اونٹاریو ایمپلائمنٹ اسٹینڈرڈز ایکٹ کے تحت بطور ملازمین استحقاق رکھتے ہیں۔

مدعیان کے دعووں کے جواب میں Uber کا موقف یہ ہے کہ ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد Uber کے ملازمین نہیں ہیں۔ بلکہ Uber دعویٰ کرتا ہے کہ ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد Uber کے کسٹمر ہیں جو اپنے کسٹمرز کو نقل و حمل اور ڈیلیوری کی خدمات فراہم کرکے روزی کمانے کے لیے Uber ایپس استعمال کرتے ہیں۔ Uber کا موقف یہ ہے کہ ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد ملازمین نہیں ہیں کیونکہ انہیں شفٹوں یا اسائنمنٹس کے بغیر، اپنی مرضی سے جب اور جیسے چاہے Uber ایپس کے استعمال کی سہولت حاصل ہے؛ وہ رائیڈ کی درخواستیں مسترد کر سکتے ہیں؛ کوئی دوسری رائیڈ شیئرنگ یا کھانوں کی ڈیلیوری کی ایپس استعمال کر سکتے ہیں، یا کسی بھی دوسرے پیشے یا کاروبار سے منسلک ہو سکتے ہیں؛ اُن کا کوئی مینیجر نہیں ہوتا؛ وہ نقل و حمل کے لیے اپنا ذاتی ذریعہ استعمال کرتے ہیں؛ اور

یونیفارم بھی نہیں پہنتے۔ Uber کا یہ موقف بھی ہے کہ ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد کا ملازمتی اسٹیٹس مشترکہ طور پر متعین نہیں ہو سکتا کیونکہ تمام ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد ایک جیسے تجربے اور Uber کے ساتھ تعلق کے حامل نہیں ہوتے۔

اگر کلاس کامیاب ٹھہرا، تو Uber اور کلاس ایکشن میں شریک ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد کے درمیان کنٹریکٹ پر مبنی موجودہ تعلق میں ترمیم کر دی جائے گی۔ چنانچہ اس صورت میں ان ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد کی درجہ بندی Uber کے کسٹمرز یا آزاد کنٹریکٹرز کے بجائے Uber کے ملازمین کے طور پر کر دی جائے گی اور یوں سمجھا جائے گا کہ یہ لوگ Uber ایپس استعمال کرتے ہوئے ''Uber کے لیے کام'' کر رہے تھے۔

عمومی معاملات کے ٹرائل میں، عدالت درج ذیل میں سے کسی ایک (یا زائد) نتائج کا تعین کرسکتی ہے:

1. ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد (یا ان میں سے بعض) Uber کے کسٹمرز ہیں، ملازمین نہیں؛
2. ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد (یا ان میں سے بعض) آزاد کنٹریکٹرز ہیں، ملازمین نہیں؛
3. ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد (یا ان میں سے بعض) Uber کے ملازمین ہیں؛ یا
4. یہ کہ تمام ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد کا ملازمتی اسٹیٹس مشترکہ طور پر متعین نہیں ہوسکتا بلکہ ان کے انفرادی ٹرائلز درکار ہوں گے۔

کلاس کی طرف سے ہرجانوں کا دعویٰ اس حوالے سے ہے کہ Uber نے کلاس کی کم از کم مقررہ اجرت، چھٹیوں کا معاوضہ، عوامی تعطیل اور پریمیئم کا معاوضہ، ملازمت سے برخاستگی پر معاوضہ، اور ممکنہ طور پر اوورٹائم کا معاوضہ ادا نہیں کیا۔ کلاس Uber ایپس کے ذریعے نقل و حمل اور ڈیلیوری سروسز کی فراہمی کے دوران اپنی جیب سے ادا کردہ اخراجات، اپنی غلط درجہ بندی کے نتیجے میں غیر موافق ٹیکس واجبات، اور کینیڈا پینشن پلان اور ایمپلائمنٹ انشورنس ایکٹ کنٹری بیوشنز کی عدم ادائیگی کے حوالے سے بھی ہرجانوں کا طالب ہے۔ عدالت کا موقف یہ ہے کہ ہرجانوں کی واجب الوصول رقم، اگر کوئی ہو، کا انحصار انفرادی تجزیوں پر ہوگا، جو عمومی معاملات کے ٹرائل کے بعد عمل میں آ سکتے ہیں۔

عدالت نے مسٹر ہیلر اور مس گریشیا کی جانب سے کیے گئے دعووں یا ان دعووں کے جواب میں Uber کے دفاعی بیانات کی صداقت یا مثبت پذیری کے حوالے سے کوئی موقف نہیں دیا ہے۔ مسٹر ہیلر اور مس گریشیا کی جانب سے لگائے گئے الزامات ابھی تک عدالت میں ثابت نہیں ہوئے ہیں۔

**3. کلاس**

عدالتی حکمنامے کے تحت، اس مقدمے میں کلاس کی تعریف یہ ہے:

> کوئی بھی فرد جس نے .Uber B.V، ریزیئر آپریشنز .B.V، اور/یا پورٹیئر .B.V کے ساتھ سروس معاہدے کے تحت، 1 جنوری 2012 سے اونٹاریو میں مسافروں کی نقل و حمل اور/یا ڈیلیوری سروسز کی فراہمی کے لیے Uber ایپ استعمال کی ہو۔
>
> ''سروس معاہدہ'' کا مطلب ہے: .Uber B.V، ریزیئر آپریشنز .B.V، اور/یا پورٹیئر .B.V کے ساتھ ایک معاہدہ جس کے تحت Uber ایپ کا استعمال کرتے ہوئے درج ذیل میں سے کوئی ایک یا تمام سروسز فراہم کی جائیں: Uber Eats، UberX، UberXL، Uber Comfort، Uber Black، Uber SELECT، Uber Black SUV، Uber Premier، Uber Premier SUV، Uber Taxi، Uber WAV، Uber Assist، Uber Pool، Uber Green، اور Uber Connect۔

اگر آپ کلاس کی دی گئی تعریف پر پورا اترتے ہیں، تو آپ کلاس ایکشن میں خود بخود شامل ہو جائیں گے۔ اس کلاس ایکشن سے دستبردار ہونے کے لیے، آپ کو لازماً یا تو www.uberlawsuit.ca پر ''دستبرداری'' کا فارم مکمل کرنا ہوگا یا پھر دستبرداری کے لیے ایک تحریری درخواست info@uberlawsuit.ca پر بذریعہ ای میل یا درج ذیل پتے پر ڈاک کی تصدیقی مہر کے ساتھ 28 مئی، 2024 تک ارسال کرنی ہوگی۔

**ڈاک:**

Samfiru Tumarkin LLP
RE: Uber Driver Misclassification Class Action
350 Bay Street, 10th Floor
Toronto, ON M5H 2S6

دستبرداری کے لیے دی گئی آپ کی تحریری درخواست میں یہ اندراجات لازماً ہونے چاہئیں: آپ کا نام، پتہ، ای میل پتہ، فون نمبر، آپ کی درخواست کی تاریخ، اور یہ بیان کہ آپ Uber کلاس ایکشن سے دستبردار ہونا چاہتے ہیں۔

**26 اگست 2020 سے Uber ایپ استعمال کرنے والے ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد کے لیے اہم نوٹ:**

عدالت نے یہ حکم جاری کیا ہے کہ کلاس میں وہ ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد شامل کیے جا سکتے ہیں جنہوں نے 26 اگست، 2020 کو ترمیم شدہ شرائطِ استعمال کو وصول اور قبول کیا تھا۔ ان ترمیم شدہ شرائطِ استعمال میں ایک ثالثی کی شق شامل ہے جس کے تحت ڈرائیور اور ڈیلیوری افراد کے لیے، ثالثی کی شق سے دستبردار ہوئے بغیر، کسی بھی اجتماعی کارروائی، بشمول کلاس ایکشن میں شریک ہونے یا وصولیابی کرنے کی ممانعت ہے۔ اسی طرح، اگر آپ نے 26 اگست، 2020 کی شرائطِ استعمال کو قبول کیا تھا اور اس کلاس ایکشن میں شریک نہیں ہونا چاہتے، تب بھی آپ کو دستبرداری کے مذکورہ بالا طریقۂ کار کے مطابق دستبردار ہونا پڑے گا۔

اگر آپ نے 26 اگست، 2020 کی شرائطِ استعمال کو قبول کیا تھا اور اس کلاس ایکشن میں شریک ہونا چاہتے ہیں، تو آپ کو اس دفاع کا سامنا ہوسکتا ہے کہ آپ Uber سے واجبات کی وصولی کے لیے اپنے دعوے کے حق سے دستبردار ہوچکے ہیں کیونکہ آپ نے 26 اگست، 2020 کی شرائطِ استعمال کو قبول کیا تھا۔ اگر عمومی معاملات کے ٹرائل (Common Issues Trial) (یا اس کے بعد کسی بھی اپیل) کا تعین کلاس کے حق میں کیا گیا، تو اس دفاع کی مثبت پذیری کا تعین عمومی معاملات کے ٹرائل کے بعد انفرادی معاملات کے ٹرائلز میں واقع ہوگا۔ ان انفرادی معاملات کے ٹرائلز میں یہ تعین شامل ہوگا کہ آیا آپ پر ثالثی کی شق کا اطلاق ہوتا ہے یا نہیں، اور اگر ایسا ہوا، تو آپ کو مدعا علیہان سے کوئی بھی ریلیف حاصل کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**4. کلاس ایکشن سے دستبرداری**

کلاس ایکشن سے دستبرداری اور نتیجتاً خود کو اس سے خارج کرنے کی آخری تاریخ 28 مئی، 2024 ہے۔ اگر اس تاریخ تک آپ کی جانب سے دستبرداری کی درخواست موصول نہ ہوئی تو آپ کلاس ممبر رہیں گے۔ اگر آپ کلاس ممبر رہنا چاہتے ہوں، تو فی الحال آپ کو مزید کوئی اقدام کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اگر آپ **دستبردار ہوتے ہیں،** تو آپ کلاس کی مقدماتی کارروائی میں شرکت (بشمول مدعیان کی کامیابی کی صورت میں کسی بھی تصفیے یا عدالتی ایوارڈ) کے اہل نہیں رہیں گے اور کلاس ایکشن میں جاری کردہ کوئی بھی عدالتی حکمنامہ آپ پر لاگو نہیں ہوگا، خواہ وہ حکمنامہ حق میں ہو یا مخالفت میں۔ تاہم، آپ اس اعلامیے میں بیان کردہ دعووں کے حوالے سے مدعا علیہان کے خلاف اپنے طور پر مقدمہ دائر کرنے کے اہل ہوں گے (جس کا انحصار مدعا علیہان کے کسی بھی دفاعی موقف پر ہوگا)۔

اگر آپ دستبردار نہیں ہوتے ہیں، تو آپ کلاس ایکشن میں شرکت (بشمول مدعیان کی کامیابی کی صورت میں کسی بھی تصفیے یا عدالتی ایوارڈ) کے اہل ہوں گے۔ کلاس ایکشن میں آپ کی شرکت کا دارومدار اس امر پر ہوسکتا ہے کہ آیا آپ

نے 26 اگست، 2020 کی ثالثی کی شق کو قبول کیا تھا یا نہیں اور آیا عدالت یا قانونی ثالث کی جانب سے ثالثی کی شق کو مستند قرار دیا جاتا ہے یا نہیں۔ اگر آپ کلاس ایکشن میں شرکت کے اہل ہوئے، تو کلاس ایکشن میں جاری کردہ کوئی بھی عدالتی حکمنامہ آپ پر لاگو ہوگا، خواہ وہ حکمنامہ حق میں ہو یا مخالفت میں۔ تاہم، آپ اس اعلامیے میں بیان کردہ انہی دعووں کے حوالے سے مدعا علیہان کے خلاف اپنے طور پر مقدمہ دائر کرنے کے اہل نہیں ہوں گے (خواہ مقدمے کا حتمی نتیجہ کچھ بھی ہو)۔

**5. مالیاتی نتائج**

اگر عمومی معاملات کے ٹرائل کا تعین، یا بعد ازاں کسی بھی اپیل میں، کلاس کے حق میں ہوا، تو بعض کلاس ممبرز مزید ہرجانوں کی انفرادی کارروائیوں میں مدعا علیہان سے معاوضۂ تلافی وصول کرنے کے اہل ہوسکتے ہیں۔ اس صورت میں، انفرادی معاوضۂ تلافی، اگر کوئی ہو، کے تعین کے لیے انفرادی ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد کی شرکت درکار ہوگی۔ 26 اگست، 2023 کی شرائطِ استعمال قبول کرنے والے ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد کو ہرجانوں کی انفرادی کارروائیوں میں اس دفاع کا سامنا ہوسکتا ہے کہ وہ Uber سے واجبات کی وصولی کے لیے اپنے دعوے کے حق سے دستبردار ہوچکے ہیں۔ علاوہ ازیں، اگر عمومی معاملات کے ٹرائل کا تعین کلاس کے حق میں کیا گیا، تو عدالت قانونی فیس کی رقم اور کلاس کاؤنسل کے لیے تقسیمی رقوم کا تعین بھی کرے گی۔

اگر عمومی معاملات کے ٹرائل کا تعین مدعا علیہان کے حق میں کیا گیا، تو کلاس ایکشن میں شریک ہونے والے ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد کو اس مقدمے سے کوئی معاوضۂ تلافی حاصل نہیں ہوگا۔

آپ کو چاہیے کہ Uber ایپ، یا نقل و حمل یا ڈیلیوری کی دیگر ایپس استعمال کرتے ہوئے آپ کی طرف سے فراہم کردہ نقل و حمل یا ڈیلیوری سروسز کے حوالے سے تمام متعلقہ دستاویزات اور ثبوتوں کی نقول سنبھال کر رکھیں۔ ان دستاویزات اور ثبوتوں میں کسی بھی ٹرانسپورٹیشن یا ڈیلیوری ایپ کمپنیوں کے ساتھ آپ کے معاہدوں، آپ کی جانب سے ایپ کے ذریعے نقل و حمل یا ڈیلیوری سروسز کی فراہمی کے وقت کے بارے میں معلومات، کسی بھی ٹرانسپورٹیشن یا ڈیلیوری ایپ کمپنی کی طرف سے آپ کو جاری کردہ ادائیگیوں کے گوشوارے، آپ کی جانب سے ایپ کے ذریعے فراہم کردہ نقل و حمل یا ڈیلیوری سروسز سے متعلقہ ٹیکس کی کوئی دستاویزات، اور ایپ کے ذریعے نقل و حمل اور ڈیلیوری سروسز کی فراہمی کے دوران آپ کے اپنی جیب سے ادا کردہ اخراجات کی رسیدِ وصولی شامل ہوسکتی ہیں۔

ماسوائے نمائندہ مدعیان کے، کسی ڈرائیورز یا ڈیلیوری افراد پر عمومی معاملات کے تعین کے حوالے سے لاگتوں کی کوئی ذمہ داری نہیں ہوگی۔ ڈرائیورز اور ڈیلیوری افراد اپنے ذاتی دعووں کے تعین کے حوالے سے لاگتوں کے ذمہ دار ہوسکتے ہیں جس کا انحصار اُس انفرادی تعین کے نتیجے پر ہوگا۔

کلاس کاؤنسل نے قانونی فیس اور تقسیمی رقوم کے حوالے سے نمائندہ مدعیان کے ساتھ فیس کا ایک معاہدہ طے کیا ہے۔ معاہدے کے مطابق صرف مقدمے میں کامیابی (یعنی تصفیے یا عدالتی ایوارڈ) کی صورت میں کلاس کاؤنسل کو ادائیگی کی جائے گی۔ معاہدے کے مطابق مدعا علیہان سے کلاس کو وصول ہونے والی مجموعی رقم کی 30 فیصد فیس بمعہ تقسیمی رقوم اور قابلِ اطلاق ٹیکسز کلاس کاؤنسل کو کلاس ادا کرے گا۔ کلاس کاؤنسل کی فیس اور تقسیمی رقوم عدالت سے لازماً منظورشدہ ہونی چاہئیں۔

عدالت اس مقدمے میں عدالتی کارروائی کے لیے فنڈنگ کا عمل منظور کرچکی ہے، جس کے مطابق فنڈ فراہم کرنے والا فریقِ ثالث زیادہ سے زیادہ رقم کی حد تک تقسیم ہونے والی رقوم ایڈوانس دے گا اور زیادہ سے زیادہ رقم کی حد تک مدعیان کے خلاف لاگو ہونے والی ناموافق رقوم کی ادائیگی کرے گا۔ فنڈنگ کی فراہمی کے عوض، اگر مدعیان

جیت جائیں یا تصفیہ ہو جائے، تو فنڈ مہیا کرنے والے کو اُس کی ایڈوانس دی گئی رقم واپس کر دی جائے گی اور وہ کلاس کو عطا کردہ رقوم کا 8 سے 10 فیصد، اس کے علاوہ اپنی انتظامی فیس بھی وصول کرے گا۔

**6. اضافی معلومات**

Wright Henry LLP اور Samfiru Tumarkin LLP اس ایکشن میں کلاس کاؤنسل ہیں۔

سندِ تسلیم کا حکمنامہ اور دیگر معلومات آن لائن www.uberlawsuit.ca پر دستیاب ہیں۔

مزید معلومات کے لیے، براہِ کرم Wright Henry LLP اور Samfiru Tumarkin LLP سے درج ذیل ذرائع پر رابطہ کریں:

**ڈاک:**
Samfiru Tumarkin LLP
RE: Uber Driver Misclassification Class Action
350 Bay Street, 10th Floor
Toronto, ON M5H 2S6

**فون:** 1-855-821-5900

**ای میل:** info@uberlawsuit.ca

اس کلاس ایکشن کے بارے میں مستقبل کے اعلامیے، بشمول کلاس ایکشن میں ممکنہ طور پر ہونے والے کسی بھی تصفیے کے بارے میں اعلامیے، وصول کرنے کے لیے، براہِ کرم www.uberlawsuit.ca/ پر آن لائن رجسٹر ہو جائیں۔

**یہ اعلامیہ اونٹاریو کی اعلیٰ عدالتِ انصاف کے حکمنامے کے تحت منظورشدہ ہے۔ عدالتی محکمے اس اعلامیے میں بیان کردہ معاملات کے حوالے سے کسی بھی سوال کا جواب دینے سے قاصر ہوں گے۔**